سوال

(59)جمعہ میں بھیڑ کی وجہ سے سڑکوں پر نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کے دن بعض مسجدوں میں اتنی بھیڑ ہوتی ہے کہ بعض لوگ امام کی اقتدا میں راستوں اور سڑکوں پر نماز پڑھتے ہیں اس سلسلہ میں آپ کی کیا رائے ہے ؟ نیز کبھی تو نمازیوں کے اور مسجد کے درمیان کوئی سڑک وغیرہ حائل ہوتی ہے اور کبھی کوئی فاصلہ نہیں ہوتا کیا مذکورہ دونوں صورتوں میں حکم یکساں ہے یا کوئی فرق ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر صفیں متصل ہوں اوران کے درمیان کوئی فاصلہ نہ ہو تو کوئی حرج نہیں اسی طرح اگر مسجد کے باہر والے مقتدی اپنے آگے کی صفوں کو دیکھ رہے ہوں یا تکبیر کی آواز سن رہے ہوں تب بھی کوئی حرج نہیں بھلے ہی ان کے درمیان کوئی سڑک وغیرہ حائل ہو۔ کیونکہ جب وہ دیکھ کر یا سن کر باآسانی امام کی اقتدا کر سکتے ہیں تو جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا واجب ہے۔ البتہ امام سے آگے کھڑے ہو کر نماز پڑھنا درست نہیں کیونکہ یہ مقتدی کے کھڑے ہونے کی جگہ نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 124

محدث فتویٰ